# 13302 ـ کیتھولیک یونیورسٹی میں پڑھنا

**سوال**

میں کیتھولیک سکولوں میں داخلے کے متعلق ایک سوال کرنا چاہتاہوں ، میں کیتھولیک یونیورسٹی میں پڑہتاہوں میرے بہت سے مسلمان دوستوں نے مجھے یہ بتایاہے کہ اس یونیورسٹی میں میراپڑہنا صحیح نہیں آپ کے علم میں ہوناچاہئے کہ مجھے اس پرمجبورنہیں کیاجاتاکہ میں کیتھوں لیک کے متعلق کوئی بھی مضمون لوں اورپھرمیں یونیورسٹی میں نمازبھی پڑہتاہوں توکیامیراوہاں نمازپڑھنے پرکوئي اعتراض ہوشکتاہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

بلاشک ایسے سکولوں اورمدارس میں پڑہنااس مسلمان کے لئے بہت ہی خطرناک ہے جوکہ اسلام تعلیمات سے جاہل ہووہ اس لئے کہ وہ ایسے اسباق اوردروس سنے اورپڑھے گا اورایسی معلومات حاصل کرے گاجومبالغہ پرمبنی ہوں گی اورجس میں کفاراوران کے ادیان اورعقائدکی مدح وتعریف ہوگی ۔

اوران میں غالب طورپراسلام کے خلاف اورمسلمانوں کی جرح وقدح ہوتی ہے لیکن اگرطالب علم مسلمانوں کے عقیدہ میں پختہ اورمتمکن ہواورارکان اسلام اوردین اسلام میں حلال وحرام کواچھی طرح جانتااورسمجھتاہواوران مدارس اورسکولوں میں پڑھنے کی ضرورت پیش آئے تاکہ وہ صنعت وحرفت اورکچھ اورخاص قسم کی معلومات حاصل کرنا چاہتاہواوراسے اپنے متعلق اتناوثوق ہوکہ وہ ان کے دروس اوراسباق سے متاثرنہیں ہوگااورنہ ہی پڑھانے والوں سے ہی متاثرہونے کاخدشہ ہواوریہ بھی معلوم ہوکہ اسے کسی ایسے مضمون یاسبق پڑھنے پرمجبورنہیں
کیاجائے گاجوکیتھولیک کے متلقہ ہوتواس حالت میں ہمارے خیال کے مطابق اسے ان مدارس اورسکول میں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ۔

بلکہ خطرہ اورڈراس کے بارہ میں ہے جوکہ جاہل ہواورکفارکے حیلوں اورمکروفریب اوردھوکے وفراڈ سے واقف نہ ہوتوجوشخص اپنے آپ پروثوق رکھتاہواوراسلامی تعلیمات سے مکمل طورپرواقف ہواوران پرعمل بھی کرتاہوتوغالب طورپروہ ان کے اعمال اورمعلومات سے متاثرنہیں ہوتا ۔ .